نیو یارک سٹی ڈیلیوری ورکرز کے حقوق کا نوٹس

اگر آپ ایسی ڈیلیوری سروس کے لیے کام کرتے ہیں جو ”فریق ثالث کی گروسری ڈیلیوری سروس“ یا ”فریق ثالث کی فوڈ ڈیلیوری سروس“ نہ ہوتو یہ نوٹس آپ پر لاگو ہوتا ہے۔

اس میں وہ بھی کاروبار شامل ہے جو دوسرے کاروبار کو ڈیلیوری سروسز فراہم کرتا ہے؛ مثلا Amazon Flex اور Gopuff۔

تنخواہ

- ڈیلیوری سروس پر کم از کم ہفتے میں ایک بار آپ کی تمام کمائی ادا کرنا، بغیر فیس کے ادائیگی موصول کرنے کا اختیار دینا، اور آپ کو تنخواہ کا تفصیلی گوشوارہ دینا لازم ہے۔

راستے

- اس سے پہلے کہ آپ ڈیلیوری قبول کریں ڈیلیوری سروس پر آپ کو راستے کی تفصیلات بتانا لازم ہے۔ تفصیلات میں پک اپ کا پتہ، تخمینی وقت اور فاصلہ، ٹپ اور ادائیگی شامل ہونی چاہیے۔

رسائی

- اگر آپ کھانے کی ڈیلیوری کرتے ہیں تو ڈیلیوری سروس پر آپ کو **کھانے کی 6 ڈیلیوری** کے بعد مفت انسولیٹڈ فوڈ ڈیلیوری بیگ دینا لازم ہے۔
- آرڈر پک کرتے وقت آپ کو کاروبار کے باتھ روم کا استعمال کرنے کا حق حاصل ہے۔

کوئی انتقامی کارروائی نہیں

کارکنوں کو ان کے حقوق استعمال کرنے پر سزا دینا غیر قانونی ہے۔ مشکوک انتقامی کارروائی کے بارے میں فوراً DCWP سے رابطہ کریں۔ DCWP کبھی آپ کی امیگریشن کی حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھے گا۔

شکایت درج کرائیں

اگر آپ کے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی تو آپ کو پیسے مل سکتے ہیں۔ خلاف ورزی کی اطلاع دینے کے لیے محکمہ صارفین اور کارکنان کا تحفظ (Department of Consumer and Worker Protection, DCWP) میں شکایت درج کرائیں۔

- ملاحظہ کریں **nyc.gov/DeliveryApps**
- **311** (NYC سے باہر 212-NEW-YORK) پر کال کریں اور ”Delivery Worker (ڈیلیوری کارکن)“ کے بارے میں پوچھیں

DCWP آپ کی پیشگی منظوری کے بغیر آپ کی شناخت شیئر نہیں کرے گا۔

NYC Consumer and Worker Protection